جنسی ایذا رسانی کو روکنا



اضافی معلومات اور تعاون کہاں پر دستیاب ہے؟

طلباء کے لئے

- آپ کا پرنسپل یا نائب پرنسپل
- آپ کے استاد، اسکول کے صلاحکار، اسکولی نرس، اسکول کا سوشل ورکر، اسکول کا ماہر نفسیات، یا پوپل پرسونل ورکر

والدین کے لئے

- The Equity Assurance and Compliance Branch
  Maryland State Department of Education
  200 West Baltimore Street
  Baltimore, Maryland 21201
  410-767-0428
  http://www.marylandpublicschools.org/MSDE/programs/equity+_assurance/
- U.S. Department of Health and Human Services
  150 S. Independence Mall West
  Suite 372, Public Lodge Bldg.
  Philadelphia, PA 19106-911
  215-861-4441
- Maryland Commission for Women
  45 Calvert Street, Room B22
  Annapolis, Maryland 21401
  1-877-868-2196
  http://www.marylandwomen.org



THE BALTIMORE COUNTY PUBLIC SCHOOLS

بالٹیمور کاؤنٹی
پبلک اسکولز
کی ایک اشاعت

ڈاکٹر جوئے اے۔ ہیئرسٹن
سپرنٹنڈنٹ



تیار کردہ بہ اشتراک
ریاست میریلینڈ

میریلینڈ ریاست تعلیمی بورڈ
نینسی ایس۔ گریسمِک
ریاستی سپرنٹنڈنٹ آف اسکولز

ستمبر 2008

اسکولوں میں جنسی ایذا رسانی



ماخوذ از ایک دستاویز
میریلینڈ ریاست محکمہ تعلیم
ایکویٹی ایشیورنس برانچ
میریلینڈ کمیشن برائے خواتین
بذریعہ
دفتر برائے اسکولی مشاورت
اور
دفتر برائے مساوی ملازمتی مواقع
بالٹیمور کاؤنٹی پبلک اسکولز

ابتدائی نسخہ

معلومات برائے والدین / سرپرست



جنسی ایذا رسانی جنسی نوعیت کا ایسا ناپسندیدہ اور ناشائستہ برتاؤ ہے جس سے کسی طالب علم کی زندگی میں خلل آجاتا ہے۔ طلباء کو اسکولی سرگرمیوں میں ایک آرام دہ اور سازگار ماحول میں سیکھنے، مطالعہ کرنے، کام کرنے، کامیابی حاصل کرنے اور اسکولی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہے۔ وفاقی اور ریاستی قوانین اور پالیسیوں کے تحت، جنسی ایذا رسانی غیر قانونی ہے اور اسکولی مقامات میں ممنوع ہے۔

ہمیں معلوم ہے کہ جنسی ایذا رسانی جذباتی اعتبار سے نازک اور حسّاس موضوع ہے۔ طلباء کو جنسی ایذا رسانی کے بارے میں اور اس کا انسداد کرنے کے طریقوں کی معلومات فراہم کرکے ہمیں باہمی احترام اور ہر شخص کی انفرادیت کے تئیں ان کی سمجھ بوجھ کی بنیاد پر طلباء کے اندر صحتمند رجحانات فروغ پانے کی امید ہے۔

اکثر و بیشتر تو طلباء جنسی ایذا رسانی کے واقعات کو اس وجہ سے نظر انداز کردیں گے کہ وہ کسی کو پریشانی میں ڈالنا نہیں چاہتے ہیں یا لوگوں کو یہ سوچنے پر مجبور کرنا نہیں چاہتے ہیں کہ وہ بناوٹی ردّعمل کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اپنے بچےکو بتائیں کہ آپ ایذا رسانی کو سنجیدگی سے لیتے ہیں اور آپ اس کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔

بالٹیمور کاؤنٹی پبلک اسکولز جنسی ایذا رسانی کے انسداد سے متعلق طلباء کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں انہیں مطلع کرنے کے عمل میں آپ کے ساتھ تعاون کرنے کا خواہاں ہے۔ ابتدائی عمر کے لڑکوں اور لڑکیوں کے ساتھ اشتراک کرنے کے لئے درج ذیل معلومات تیار کی گئی ہیں۔

مجھے کیا کرنا چاہئے اگر مجھے یقین ہے کہ مجھے جنسی طور پر ایذا پہنچائی جا رہی ہے؟

آپ کئی ایک کام کرسکتے ہیں:

- جو لوگ آپ کو ایذا پہنچا رہے ہیں انہیں اسے بند کرنے کو کہیں۔ انہیں بتادیں کہ آپ کو ان کی حرکتیں پسند نہیں ہیں۔
- انہیں بتادیں کہ اگر وہ اسے بند نہیں کرتے ہیں تو جو کچھ بھی ہو رہا ہے اس بارے میں آپ کسی بالغ فرد کو بتائیں گے۔
- اپنی والدہ، والد یا جس بالغ فرد کے ساتھ آپ رہتے ہیں انہیں اس پریشانی کےبارے میں بتائیں۔ جو کچھ ہو رہا ہو اسے تحریر کرنے میں ان سے مدد طلب کریں۔
- جو کچھ ہوا ہے اس بارے میں اپنے اسکول کے صلاحکار، اسکولی نرس، اسکول کے سوشل ورک، یا نائب پرنسپل کو بتائیں۔ جو کچھ ہو رہا اسے تحریر کرنے میں ان سے مدد طلب کریں۔
- اگر آپ کو گھر پر یا اسکول میں مدد نہیں مل سکتی ہے تو کمیونٹی ہیلپر (پولیس آفیسر، چائلڈ کیئر ورکر، یا پڑوسی) کو بتائیں۔

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ جنسی ایذا رسانی کا ارتکاب ہوسکتا ہے؟

کیا مجھے ایذا پہنچائی جا رہی ہے؟
کیا میں کسی کو ایذا پہنچا رہا ہوں؟

خود سے درج ذیل سوالات پوچھیں:

- کیا اس رویے سے کسی شخص کو اس وجہ سے پریشانی ہو رہی ہے کہ وہ لڑکا یا لڑکی ہے؟
- کیا یہ رویہ اس میں شامل کسی بھی شخص کے ذریعہ ناپسندیدہ ہے؟
- کیا اس رویے کی وجہ سے آپ کو یا کسی اور شخص کو تکلیف کا احساس ہوتا ہے؟
- کیا اس رویّے کی وجہ سے اسکول یا کمرہ جماعت کی سرگرمیوں کے حصول اور اس سے لطف اندوز ہونے کی کسی شخص کی اہلیت میں مداخلت ہوتی ہے؟
- کیا اس رویے کا مظاہرہ بار بار ہوتا ہے؟
- کیا آپ نے کبھی یہ خواہش کی ہے کہ اس رویے کی اطلاع اپنے کنبے کے کسی رکن کا یا کسی دوست کو دی جائے؟
- کیا اس رویے سے ایک شخص کو مضبوطی کا احساس اور دوسرے شخص کو کمزوری کا احساس ہوتا ہے؟
- کیا اسی رویے کا اظہار کسی بالغ فرد کی موجودگی میں ہوتا ہے؟

جنسی ایذا رسانی سے متعلق مجھے اپنی ذمہ داریوں اور حقوق کے بارے میں کیا جاننا چاہئے؟

طلباء جنس کی بنیاد پر اسکول میں امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دینے والے وفاقی قانون کے ذریعہ جنسی ایذا رسانی سے تحفظ یافتہ ہیں۔ جنسی چھیڑ چھاڑ میریلینڈ کے ضابطہ فوجداری کے تحت بھی آتا ہے۔ آپ کو جنسی ایذا رسانی سے پاک اسکول اور کمرہ جماعت کی تمام سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا حق حاصل ہے۔ ایسے جنسی رویوں میں شامل نہ ہونا بھی آپ کی ذمہ داری ہے جو دوسروں کے لئے ناپسندیدہ اور ناشائستہ ہیں۔

جنسی ایذا رسانی کیا ہے؟

جنسی ایذا رسانی کا ارتکاب ایسی صورت میں ہوتا ہے جب کوئی شخص آپ کے ساتھ ایسا برتاؤ کرتا ہے جس سے آپ کو خوف، حملہ آوری، پریشانی، یا تکلیف کا احساس اس وجہ سے ہوتا ہے کہ آپ لڑکا یا لڑکی ہیں۔

یہ ایسی صورت میں ہوتا ہے:

- جب کوئی دوسرا شخص جنسی رویے کے بارے میں آپ پر ناپسندیدہ تبصرے کرتا ہے۔
- جب کوئی اور طالب علم آپ کے جسم کے ذاتی اعضاء کے بارے میں بات چیت کرتا ہے۔
- جب آپ اپنے جسم کے ذاتی اعضاء کے بارے میں زچ ہوکر رہ جاتے ہیں۔
- جب کوئی اور شخص ایسی جگہ پر آپ کو مَس کرتا / کرتی ہے جہاں نہیں کرنا چاہئے۔
- جب کوئی شخص آپ کے جسم کو مسلسل اس طرح گھور کر دیکھتا ہے جس سے آپ کو تکلیف کا احساس ہوتا ہے۔
- جب کوئی شخص آپ کے جنسی رویے کے بارے میں بات چیت کرکے آپ کے بارے میں افواہیں پھیلاتا ہے۔
- جب کوئی شخص آپ کو جنسی رویوں کے ساتھ دھمکاتا ہے۔

یاد رکھیں کہ جنسی ایذا رسانی کے اکثر معاملات یوں تو صنف نازک کو ایذا پہنچانے والے مرد پر مشتمل ہوتے ہیں، مگر ایذا رسانی عورت کی مرد کے ساتھ، مرد کی مرد کے ساتھ، یا عورت کی عورت کے ساتھ بدسلوکی پر بھی شامل ہوسکتی ہے۔ ایذا رسانی طالب علم کی طالب علم کے ساتھ، استاد کی طالب علم کے ساتھ، طالب علم کی استاد کے ساتھ اور استاد کی استاد کے ساتھ بھی ہوسکتی ہے۔